(b) The second factor responsible for the adverse response to the Lahore High Court verdict is the death sentence passed on Mr. Bhutto (and his four forgotten colleagues in crime). Even where Western observers are reasonably aware of the immensity of the crime, they are both to accept capital punishment as the logical, legal consequence. The "barbarity" of capital punishment causes pain because it is yet to take place (in case the Supreme Court upholds the High Court verdict), while the barbarity of the original sin is conveniently forgotten simply because it is an unalterable fact of the past. Cain is gone, they seem to say, spare Abel: What, so that Abels may multiply and Cains keep going their way? The Quranic law on murder wilfully committed is inviolably clear and we cannot change our fundamental premises to oblige the illusions of a morality based on continuous change.

There is one last point that we may consider: the appeals for clemency (curiously restricted to Mr. Bhutto, though logically applicable to the four others also). Such an appeal can have validity only if the commission of the crime is accepted and regretted ("repentance" in Muslim terminology) by those who committed it. If there is no such acceptance accompanied by regret, there can be no grounds for an "appeal". Furthermore, the only competent "authority" to consider (and then freely accept or reject) this "appeal" is the aggrieved party, not the Chief Executive NOR the Head of State. In our present laws, contrary to the Constitution of the land which expressly acknowledges the supremacy of the Quran and the Sunnah, this anomaly still exist. The Supreme Court has yet to consider the case, and within the framework of our existing laws, its decision would be legally binding on us all. What concerns me as an individual Muslim is how the supreme judicial organ of the State will wield the authority that it now has of striking down a law that is contrary to the Quran and the Sunnah. This is an issue that must be of concern to every Muslim everywhere and men in authority in every Muslim land.

As a citizen of the Islamic Republic of Pakistan I have no doubt that what would "lastingly disgrace" us is not the obloquy that we must face from certain quarters for our resolve to follow our chosen way of life ("Deen") but a veering away from the ordained course for fear of what men might say or do. We may remind ourselves that our convenant is with Allah and His prophet, and NONE else. □

'THE BURNING ANXIETY OF A SIKH'

This has been reproduced from a pamphlet by a Sikh who wishes other concerned fellow sikhs to feel free to reproduce this article for distribution.

At present the subcontinent is controlled and people are manipulated by the Hindu and the Hindu-Press. They have put members of the minority communities against one another, Sikhs enemy of the Sikh people. I remember the time when they filled jails with the Sikhs killed and murdered them under the pretext of being Akalis or Naxalites, no Sikh revolted, none was enraged at the utter humiliation of the Sikh people.

All this and many shameful events, happened for the reason that the Sikhs forgot their basic tenets. They forgot the Great Guru who gave them the Sword, to protect the oppressed and defend the Dharma and Self. They kept the little dagger or purify Karah-Parshad instead. They left themselves be conned into believing, the most un-sikh doctrine of non voilence. They were told by the Hindu sponsored movements to become ploy to the Hindu mind, and desolve in the ocean of Hinduism. They went along with that.

Sikhs, let me say here that you have been foolish to believe that the Hindu wanted your good. The so-called leaders who said so, were enemies of the Sikh Nation. We should have had a better sense by now as the history stands a witness for the Hindu being treacherous from the time of our Gurus through our Raj, partition/independence and to-day. We have been oppressed and betrayed by the Hindu from the very beginning of our existance.

I wonder when the Sikhs are going to get serious about freedom, and, rebelion to achieve that freedom. It will be difficult as long as we are under the thumb of Hindus in Bharat, but it has to happen now or else we will perish as a people and a Nation.

We must think of rebelion, revolt of a violent kind. We must start collecting, grabbing, looting and buying Guns and other heavy armament. It is war now, we had better accept the challenge. "There is no other way."

Armed struggle has a value for the Sikh. Guru proclaimed us as the destroyer of the evil and protector of the oppressed. We have to carry out his orders. We must arm ourselves with swords and modern arms in addition to the sword. It should be a war now, it has to be a war, because we the Sikh people are slated for genocide.

I must say that is will be slightly difficult now to wipe us entirely as we are no more vulnerable like we were once, during the time of Nehru-Master Tara Singh - and Sants. Nehru could have persuaded the Master to issue a Gurmata for the Sikhs to reach at the concentration Camps, and Sikhs would have been there in time. They could have asked us to get together at Amritsar and Anandpur Sahib, for they know we are deeply religious people, and poisened the waters. Times have changed, there will be questions asked although by very few, but there is a hope, for the seed to remain.



We must know that we are oppressed and that all minorities, the Muslims, untouchable classes and others are oppressed and the oppressor is the Hindu. In fact the Hindus oppress more people in the whole World than anyone else. Look at the millions of untouchables and other minorities.

There seems to be talk about joining up with political parties and get control. I warn you that there is no such animal in existence as a political party for the Sikhs. The only difference between Indira, Desai and Golwalker is that she is the mother of two corrupt sons, Morarji drinks his urine and Golwalker is dead. There is no other difference with regards to their politics.

People are going around saying that we have no business carrying swords let alone guns.

We had better get guns and lots of them.

You have a habit of equaling progress with concessions. They give you a few things and you think you are making progress. They recruit some army officers to feed the guns of their enemies and award medals to their widowed wives and you think it is an honour.

We cannot afford the luxury of saying that we have ministers in the central cabinet. In fact we have none, the ones we think we have are paper-wrestlers, stronger than dirt.

There are some Sikhs who run around talking about the Sikh elite, the rich middle class and the land-owner-farmers. These tall talks are irrelevant and nonsense. The Hindu sees you as a Sikh. I do not care how much money you have got. When he moves he is going to move against all the Sikhs including those moneyed, elite, professionals and industrialists. He is against you as Sikhs and not as a class of X, Y or Z. The class structure is unreal to the Sikhs anyway. I do believe the first people to be sent to concentration camps will be the ones who are running around talking of the elite and rich amongst the Sikhs. They might be given first class air-conditioned seats on trains, but all will end up there.

We cannot be proud of the fact that there is a Sikh Government in the Panjab, ministers in the central cabinet and people in the services. We have no clout.

I have heard some say that minorities are second-class-citizens. Let me remind you that there is no such thing as a second-class-citizen. You are either a citizen or you are not. You are either a slave or you are free. Sikhs are not free.

We do not want the Hindu to love us, we want him to respect us. These slogans of integeration and peaceful-coexistance do not mean anything to a Sikh, it should not. We are not seeking equality to the Big brother Hindu. Hindu is not capable of considering anyone his equal. **Look at the criminal record named the Caste System.**

We must define who our enemies are. A Sikh must recognize the importance of being a Sikh. It is essential to be a Sikh. Our message should be freedom and that we are going to be free by all means necessary.

We have fought wars to protect the honour of the whole sub-continent unfortunately we protected the corrupt power and the Hindu who lied again and again and built a country, Bharat, which is Hindu. We had to fight wars to protect the Motherland, we can also fight to protect our mother. We have given the supreme sacrifice for the achievement of our goals, we are capable of doing so again. Let us say that **'we put Bharat and Hindu India on Notice'** the notice being, **"we saved and built you, we will tear you apart."**

Do not ever tell me that voilence is bad, that looting and war is destructive. You have been looting the untouchables and others for centuries. There is nothing wrong to steal from a thief. I am telling you, big brother, that I am going to start looting, looting the guns. I will let you keep your doles and concessions and your shameful record of broken promises. In fact these have delayed the revolt and fostered supremacy of the Hindu upon others.

Now I do not want anything but a revolt, a struggle to free myself and free the oppressed classes and other minorities from the clutches of the Hindu.

A society that can pass a law for hanging a flag properly and does not do a thing against the atrocities perpetuated against the so-called untouchables and burning the children of the poor, must be sick. I would prefer a fanatic Hindu to become a fascist dictator because there would be no doubt about where he stands. This smoke screen of secularism and socialism is bullshit.

The Hindu is at war with us. We must respond or perish. Guru took the sword against the oppressors, we must do the same, if not we lose the right to be named Sikhs of Guru Gobind Singh.

In conclusion: Ours, must be to do and die theirs, should be to reason why?

By a Sikh

Sadat's Legitimization of Occupation and Aggression

[Contd...from pg.6]

Palestine Liberation Organisation have agreed on a joint fund, to be provided by Saudi Arabia, Libyia, Kuwait and United Arab Emirates to finance the confrontation States and PLO. Their efforts and appeals to Sadat fell on deaf ears as he prepared to receive his noble peace prize, to be shared with a former terrorist, Menachun Begin.

But peace imposed through aggression cannot be very lasting and while Sadat may have opted out of the general mainstream of Arab countries, his policies cannot succeed for long if the remaining countries continue to oppose them. His point-blank refusal to accept the $50 billion offer by the other Arab States would belie Sadat's concern for the economy of his country and the welfare of his people. Such a vast sum could not be provided by anyone which will also restore unity among Arab ranks. ☐

Diplomatic Appointments

Mr. Mahdi Masood, Director General for Middle East at the Foreign Office in Islamabad has been appointed ambassador to Kawait while Mr. Ali Arshad has been transferred from Kabul to Tehran. The serving ambassador in Iran, Mr. Ghaisuddin Ahmed is expected to return to Islamabad. ☐

Sikhs in Protest Over Renegade Meeting

NEW DELHI—Members of the Sikh Community in New Delhi protested against the meeting by a renegade group, followers of a modern day prophet which the majority of Sikhs refused to accept. The Akali Dal, the party of the Sikh protested to the Janata government to prevent such a meeting but the already troubled government of Morarji Desai took no action. Two Sikh members of his coalition government, from the Akali Dal party resigned in protest.

The demonstration in New Delhi has resulted in four deaths so far by police firing. ☐

Oil-Price Hike Expected in January

The Organization of Petroleum Exporting Countries are likely to increase oil prices by ten per cent come January 1979 announced a Kuwaiti newspaper. Oil prices have been held steady since January 1977 largely by Saudi Arabia protect US interests and help its economy. Saudi Arabia has about $25 billion invested in the U.S.A.

A few weeks ago there was talk of a glut in the international market but following Strikes in Iran, this may no longer be so. Besides OPEC countries have lost in revenues due to the beating the US dollar has taken in international money markets. ☐

فیض احمد فیض

بقلم: محمد حفظ الکبیر قریشی
(ڈان ملز)

اُردو کے عظیم شاعر فیض احمد فیض آج کل شمالی امریکہ آئے ہوئے ہیں — اس موقع پر ان کی شاعری کا یہ مختصر سا ادبی جائزہ بطور خراجِ تحسین شاملِ اشاعت کیا جا رہا ہے —
زیرِ نظر مضمون کے خالق اور نظم "یاد" کے مترجم محمد حفظ الکبیر قریشی ٹورانٹو کی معروف ادبی شخصیت ہیں۔ انہوں نے فیض کی اور بھی کئی خوبصورت نظموں کے کامیاب ترجمے کیے ہیں جو آئندہ پیش کیے جائیں گے —

(ادارہ)

فیض کی شاعری کے دو اہم عناصر ہیں
① نغمگی ② رمزیت —

اس مختصر مضمون میں فیض کی شاعری پر سیر حاصل تبصرہ تو ممکن نہیں ہے۔ لیکن میرا خیال ہے کہ یہاں ٹورانٹو کے ادبی حلقوں میں ہمارے جدید شعراء سے متعلق ایک عجیب تشنگی پائی جاتی ہے، میں نے سوچا کہ کیوں نہ ایک مختصر سا مضمون فیض کی شاعری کی ان دو اہم خصوصیات کے متعلق لکھا جائے۔

نغمگی عموماً تال و سُر کی رہینِ منت ہوتی ہے لیکن شاعری میں یہ بحور و اوزان کے تناسب سے پیدا ہوتی ہے۔ ساتھ ہی الفاظ کا استعمال مصرعوں کی روانی سے مل کر تال و لے کا ایک دلچسپ نظام پیدا کر دیتا ہے۔ لیکن شاعرانہ نغمگی بحور و اوزان کو صرف لے کے عطا کردہ حصے سے ہی حاصل نہیں ہوتی اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ اظہارِ خیال میں معنوی ربط بھی اسی انداز پر قائم کیا جائے۔ مثال کے طور پر اقبال کے بعض شعر لیجیے، یا جگر کے کلام کو اٹھا کر دیکھیے۔ آپ یہ محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتے کہ خیال، الفاظ اور بحر کا انتخاب شعری قالب میں اس طرح مدغم ہوئے ہیں کہ جذبات کے ساتھ ساتھ آپ اس مجموعہ نظم کو ایک مخصوص جوشیلے انداز میں پڑھنے پر مجبور ہیں۔ یہ تکنیک نغمگی پیدا کرنے کے لیے فیض کے ہاں بڑی کامیابی سے استعمال ہوئی ہے۔ انہوں نے اس تکنیک کو بعض نظموں میں اس خوبصورتی سے سمویا ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس نظم کو کسی اور انداز میں کہا جاتا تو موضوع کے ساتھ انصاف نہ ہوتا۔ فیض اپنے مزاج کے اعتبار سے آہستہ رو SOFT SPOKEN اور بڑی ملنسار شخصیت کے مالک ہیں۔ ان کے ہاں ترنم کی تیزی، گھن گرج یا چیخ پکار نہیں۔ وہ شعر گویا "گفت" میں کہتے ہیں۔ ان کے ہاں انقلابی موضوعات بھی غزل کی روایت میں استعمال ہوئے ہیں۔ پھر وہ بات کچھ اس طرح کرتے ہیں گویا دو دوست ایک دوسرے سے سرگوشی میں کچھ کہہ رہے ہیں۔ اس میں زندگی کی حلاوت ہے، سختی، زشت خوئی اور سنگینی کو دیکھ کر وہ اس سے انکار نہیں کرتے نہ ہی اس کے انسان کش، حیوانی اور ذلت انگیز نتائج کو وہ نظر انداز کرتے ہیں لیکن وہ خود سنگ زنی کا عمل اختیار نہیں کرتے۔ کلفتِ خاطر وہ برداشت کرتے ہیں لیکن ایک ایسا موڑ عطا کرتے ہیں کہ نا انصافی، ظلم اور جبر پر انسانی دل میں غبار بن کر جم جاتا ہے اور پھر اس کی پھانس اور خلش سے وہ انسانی احساسات بیدار ہوتے ہیں جو مہذب اور شریف ہونے کے ساتھ



ساتھ عمل کا ایسا عزم پیدا کرتے ہیں جس سے انسانی خیر عبارت ہے۔ میرے خیال میں یہ میر یا قسم کا انقلابی عمل ہے۔ اس سلسلہ میں فیض کی بعض نظموں کا حوالہ دینا ناگزیر ہے۔ "ملاقات" میری دانست میں اس دور کی بہترین شاعری کی بڑی اچھی مثال ہے۔ سیاسی ظلم و استبداد کے پس منظر میں ذاتی انسانی محبت کی یہ رومانی نظم قاری میں جس شدت سے ظلم کے خلاف نفرت کا جذبہ بیدار کرتی ہے اس کی مثال بڑی مشکل سے کہیں اور مل سکتی ہے۔ اور مزہ کی بات یہ ہے کہ کہیں بھی فیض نے پتھر نہیں برسائے اور نہ ہی آگ بھڑکائی لیکن اس کی شیریں نیم انگی قیامت خیز ہے —

رشکِ شیراز کھل گیا گلشن
دیکھیے کم ظرفیٔ بہار کیسے؟

فیض کی سیاسی قسم کی نظمیں بھی اسی انداز کی ہیں۔ وہ نظمیں جو انہوں نے اپنے ملک کی ابتری سے متعلق لکھی ہیں اس میں بھی یہی طریقہ استعمال کیا ہے۔ یہ انقلابی نظمیں آپ پڑھتے نہیں، سُرور و کیف میں ڈوب کر گنگناتے جاتے ہیں اور نظم بتدریج تقریباً غیر محسوس طور پر آپ کو اپنی گرفت میں لیتی جاتی ہے۔ نظم کے اختتام پر قاری کی زبان پر مٹھاس اور دل میں کڑواہٹ باقی رہ جاتی ہے۔ یہ کڑواہٹ حقیقتِ حال کو بے نقاب کر دیتی ہے۔ فیض شعر تھوڑی کہتے ہیں وہ معجزے دکھاتے ہیں اس میں ان کا غزل کا رچا ہوا مذاق جو بیک وقت قدیم بھی ہے اور جدید بھی عجیب کرشمہ دکھاتا ہے۔ "میرے ہمدم میرے دوست" اور "صبحِ آزادی" اسی سلسلہ میں پڑھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ نغمگی اور انقلاب کا امتزاج جسے دیکھنا ہو وہ یہاں دیکھیے۔ ان کی ایک غزل کا یہ شعر اس دور کی کس خوبصورت انداز میں عکاسی کرتا ہے —

نہ سوالِ وصل، نہ عرضِ غم، نہ حکایتیں نہ شکایتیں
ترے عہد میں دلِ زار کے سبھی اختیار چلے گئے

اتنی معصومیت سے، اتنی نغمگی کے ساتھ اتنی بڑی تلخ حقیقت کو کیسا بے نقاب کیا ہے۔

فیض کی شاعری کا دوسرا اہم عنصر ان کی رمزیت ہے۔ شعر گوئی میں اس فنی حیلہ سے اکثر شعراء نے کام لیا ہے اور ایسی باتیں کہہ ڈالی ہیں کہ اگر براہِ راست کہی جاتیں تو شاید زبان گدی سے کھینچ لی جاتی۔ فیض کی اس انداز کی شاعری جس میں وہ براہِ راست کہنے کی بجائے OBLIQUE انداز میں کہتے ہیں، فکری اعتبار سے سنجیدہ موضوعات پر ہوتی ہے۔ یہاں ان کی فکری خود سپردگی، علامتوں کے سہارے نظم کا تار و پود بناتی ہے۔ یہاں الفاظ کا استعمال بھی کچھ اس انداز میں ہوتا ہے کہ ان کے مفہوم کو پہنچے بغیر نظم اپنا راز نہیں کھولتی۔ "سرِ وادیٔ سینا" میں اس قبیل کی کئی نظمیں ہیں۔ مثلاً ایک نظم "سوچنے دو" کا ایک ٹکڑا ہے —

اک ذرا سوچنے دو
اس خیاباں میں
جو اس لحظہ بیاباں بھی نہیں
کون سی شاخ میں پھول آئے تھے سب سے پہلے
کون بے رنگ ہوئی رنج و تعب سے پہلے

یا ان کی نظم "ہم تو مجبور تھے اس دل سے" کا یہ ٹکڑا —

ہم نے اس وحشت کو پکڑا لیا خود ہی نظر
جس میں بجز صفتِ خونِ سر و پا کچھ بھی نہ تھا

ان نظموں میں جب تک "خیاباں"، "بیاباں"، "شاخ"، "بے رنگ"، "وحشت"، "صفتِ خونِ سروپا" قسم کے الفاظ کے صحیح معنی نہ پائے جائیں، نظم کا سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

ن۔ م۔ راشد نے بھی اسی انداز کی کئی نظمیں لکھی ہیں جو اپنے وطن کی "بیدردیٔ حالات" پر نوحہ گری ہیں۔ خاص طور سے "سلیماں سر بزانو" "ہمزاد کی خرافی" وغیرہ۔ لیکن ان نظموں میں سارا قصہ رمزیت کی تہہ کو پہنچنے کا ہے۔ مثلاً فیض کی نظم "ہم مجبور تھے" میں وحشت سے مراد پاکستان لی جائے اور لفظ وحشت کی تعبیر ایک ایسے ویرانے سے کریں جہاں زندگی IS RED IN TOOTH & CLAW ہو تو اس نظم کا تاثر ٹھیک نشانے پر بیٹھ سکتا ہے۔ فیض کی اس قبیل کی نظمیں ان کے اس علمی ورثہ اور وسیع مطالعہ کا نتیجہ ہیں جو انہوں نے مشرق و مغرب سے حاصل کیا ہے۔ وہ قاری سے علمی پس منظر کی طالب ہیں۔ اگر بعض قارئین کو یہ نظمیں بے نمک نظر آئیں تو یہ سمجھیے کہ یہ ان کی قوتِ ذائقہ کی کمی کی وجہ سے ہے۔

فیض کی شاعری دراصل بیسویں صدی کی ایشیا کا جواب، پُر خلوص اور خوبصورت شاعری ہے جو میر اور غالب سے لے کر جدید مغربی شعراء کے اندازِ فکر سے اپنا رشتہ جوڑتی ہے۔ انداز اور اظہارِ بیان کے ڈھانچے اگر مغرب سے متاثر ہوئے بھی تو زبان و بیان کی شیرینی اپنے ہی گھر سے آئی ہے —

ہم کو آیا تو نظر دار پہ میر
سرِ منصور ہی کا بار آیا

یہ شعر میر کا ہے، اور یہی فیض کا ورثہ بھی ہے!

یاد

دشتِ تنہائی میں اے جانِ جہاں لرزاں ہیں
تیری آواز کے سائے، ترے ہونٹوں کے سراب
دشتِ تنہائی میں دوری کے خس و خاک تلے
کھل رہے ہیں ترے پہلو کے سمن اور گلاب

اٹھ رہی ہے کہیں قربت سے تری سانس کی آنچ
اپنی خوشبو میں سلگتی ہوئی مدھم مدھم
دُور — افق پار چمکتی ہوئی قطرہ قطرہ
گر رہی ہے تری دلدار نظر کی شبنم

اس قدر پیار سے اے جانِ جہاں رکھا ہے
دل کے رخسار پہ اس وقت تری یاد نے ہات
یوں گماں ہوتا ہے گرچہ ہے ابھی صبحِ فراق
ڈھل گیا ہجر کا دن، آ بھی گئی وصل کی رات

فیض احمد فیض



Remembrance

In this lonely desolation, my love, trembles
The shadow of your voice, the mirage of your lips;
Beneath the dust of separating distance
Blossom the jasmine and roses of your bosom

From somewhere near, the warmthof your breath rises
Burning softly in it's own fragrance;
Far away on the horizon falls
The spangled dew drops of your glance.

Lovingly, my love, hands of
Your caressing memories touch my heart.
Although it is still the morn of separation, yet
it seems the day has waned
And the night of meeting has come.

Poem *Faiz Ahmed Faiz,*
Translation *M.H.K.Qureshi,* Don Mills

A SPECIAL THANKS FROM
INPAK TRADERS ASSOCIATION
OF GERRARD STREET
TO ALL OUR CUSTOMERS AND FRIENDS.

THE ASSOCIATION IS TRYING ITS BEST TO GIVE THIS BAZAR A HOME-LIKE ATMOSPHERE. WE HAVE BEEN ABLE TO OBTAIN PARKING FOR YOU ON THE NORTH SIDE IN THE SCHOOL PARKING AND HAVE AN ATTENDANT. WE HOPE TO DO MORE IN THE FUTURE WHICH WE WILL ANNOUNCE FROM TIME TO TIME. ALL THE TRADERS ARE HERE TO HELP YOU MAKE YOUR VISIT PLEASANT.
HAVE A HAPPY EID.

President

عید مبارک

EID MUBA

From all of us at India

Gerrard St. East at Coxw

You have been enjoying FABULOUS CHAATS at
The Chaat Hut
1430 GERRARD ST. EAST
NOW
The Bar-be-Que Hut
OFFERS
Mishkaki & Chicken Tika
Shish Kabab & Seekh Kabab
Tandoori Chicken & Other Bar-be-que Stuff
at
1455 GERRARD ST. EAST, TORONTO
Tel. 466-2284

GREETINGS

For Exotic Food and Delicious Sweets
Visit
BRAR'S RESTAURANT
1450 GERRARD ST. EAST
Tel. 463-4305
Wholesale and Retail Sweets
CATERING
463-4305


Greetings From
PEACOCK
Printing & Typesetting
1400 GERRARD ST. E., TORONTO, ONTARIO M4L 1Z4

- Letterheads
- Envelopes
- Business Cards
- Business Forms
- Flyers, Brochures
- Menus
- Newsletters
- Invitations
- Wedding Cards
- Movie Slides


etcetera...

466-5660

KR
WISI
KWALIT
Specializing I
1423 G



Taj Mahal Sweets Centre
1426 GERRARD ST. EAST
Tel. 466-3358



Greetings
Lodson Jewellers
Coming to
1448 GERRARD ST. EAST
469-0514



MILANS
WHERE THE FASHION STARTS
Sarees, Utensils, Musical Instruments
Indian Newspapers, Magazines & Records
also
Freshly Prepared Delicious Mithai Farshan
and Masaledar PAN
1443 & 1433 GERRARD ST. E.
Phone 465-8365

EN
AT ANY
OBERO
INTERNATIO
SAREE CENT
1416 GERRARD ST.
469-0333
Kar

For the complete shopping of
SAREES, ACCESSORIES, FABRICS,
HANDICRAFTS & JEWELLERY
KALA KENDAR
Two Locations to Serve You
1440 & 1413 GERRARD ST. EAST
463–3111
Internationally Known for Sarees & Fabrics

North America's First Indian Movie Theatre
NAAZ THEATRE
1430 Gerrard St. East — Near Coxwell
MOVIE INFORMATION
Tel. 284-1111 - 469-0001
Listen Geetanjli, 90 minute Radio Programme Every Tuesday 8.30 to 10.00 p.m. 1250 AM CHWO

GREETINGS
from
PAPAJI & FAMILY
PAPAJI'S
GROCERY and SPICE SHOP
1428 GERRARD ST. E
(NEAR NAAZ CINEMA)
Telephone 466-2944

Greetin
Indian
Importers
1430 G
Te

Season's Greetings
"Customer Satisfaction is our Profit"
NATRAJ
INDIAN GROCERIES & SPICES CENTRE
IMPORTER — WHOLESALER — RETAILER
1449 GERRARD ST. EAST
Phone 461-4175

GREETINGS
from
PAUL, JOTI & FAMILY
of
GERRARD SMOKE SHOP
1437 GERRARD ST. EAST
Tel. 465-1930

SAREE EMPORIUM
1435 GERRARD STREET EAST
466-3777

- WOOLY, PLAIN & PRINTED
- AMERICAN GEORGETTE
- GEORGETTE PLAIN AND PRINTED
- SILMORE
- PURE INDIAN BANARASI SILK
- WEDDING SAREES
- INDIAN EMBROIDERED SAREES
- BLOUSES, PETTICOATS & FALLS
- PURE INDIAN SILK SAREES
- ORGANZA & MANY MORE AT LOW LOW PRICES!




Inter
1414
T
To India, P
ar

MUBARAK

عید مبارک

us at Indian Bazar
East at Coxwell~Toronto

FOLLOW THE MAP TO INDIAN BAZAR
FOR ALL YOUR DIWALI SHOPPING



پندرہ روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

پاکستانی شمالی امریکہ میں

ایک صدی پیشتر انگریزی حکومت کی زیر نگرانی برصغیر سے بے روزگار ہندوستانیوں کو اچھے مستقبل اور بہتر روزگار کا جھانسہ دے کر جنوبی امریکہ میں برطانوی گیانا جیسے ملکوں لے جایا گیا۔ وہاں ان ہندوستانیوں سے جس قسم کے کام لیے گئے وہ ایک الگ لرزہ خیز داستان ہے جو کبھی اگلے شمارے میں پیش کی جائے گی۔ اس ہندوستانی کھیپ میں مسلمانوں کی بھی اچھی خاصی تعداد تھی جو بعد میں گیانا کی ایشیائی آبادی کا مستقل حصہ بن گئی۔ جب انگریزوں نے اس آبادی کو خیرباد کیا تو ملک کی باگ ڈور سیاہ فام باشندوں کے ہاتھ آئی۔ اس سے ان ایشیائی باشندوں کی زندگی مزید دشوار ہو گئی۔ شمالی امریکہ میں ان گیانی مسلمانوں کی کثیر تعداد موجود ہے جو بیالیس سال ایک ملک میں رہنے کے باوجود آج گیانا میں رہنا ان کے لیے دوبھر ہے اور نہ ہی وہ اپنے آباؤ اجداد کے ملک انڈیا واپس جا سکتے ہیں۔ ان میں سے اکثریت یہ بھی نہیں جانتی کہ ان کے آباؤ اجداد متحدہ ہندوستان کے کسی شہر یا گاؤں سے تعلق رکھتے تھے۔ گیانا کے ان مسلمانوں کی یہ تیسری اور چوتھی نسل برصغیر کی زبان اور تہذیب سے بالکل نابلد ہے۔ ان کی صورتیں اور نام تو مشرقی ہیں مگر زبان اور طرز معاشرت مکمل طور پر مغربی طرز میں ڈھل چکی ہے۔

اپنے ان بھائیوں کے پس منظر کو اگر ذہن نشین کر لیا جائے تو اس کی روشنی میں شمالی امریکہ کے پاکستانیوں کو اپنا مستقبل متعین کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔

دو صدیاں برصغیر پر حکومت کرنے کے دوران برطانوی سامراج نے مقامی لوگوں کے ذہنوں میں جو زہریلے جراثیم چھوڑے ہیں ان میں سب سے خطرناک ناسور مغرب پرستی اور اپنی تہذیب سے بیگانگی ہے۔ "مُلّا" یا "مولوی" ہماری لغت میں گنوار انسان کو سمجھا جاتا ہے۔ نجی محفلوں میں انگریزی زبان کا دیسی لہجے میں بکثرت استعمال آج کے جدید فیشن کا حصہ ہے (راقم الحروف بھی اس زمرے میں شامل ہے)۔

اگر گھروں میں بچوں کا اُردو نہ جاننا اور روانی سے انگریزی بولنا بڑے فخر کی بات سمجھی جائے تو ہم بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہماری دوسری یا تیسری نسل کا حشر گیانا کے مسلمانوں سے مختلف نہیں ہوگا۔

ہم جس تہذیب کی نقالی کرنا چاہتے ہیں؟ آیئے اس کی پرچھائیں ان مثالوں میں دیکھنے کی کوشش کریں:

- سولہ برس سے کم عمر لڑکوں اور لڑکیوں کا گھر سے بھاگ جانا۔
- نو عمر طالب علموں کا نشہ آور دوائیں استعمال کرنا۔ والدین کی بے عزتی اور استادوں سے گستاخی کرنا۔
- شراب نوشی کے تحت ٹریفک حادثات میں خوفناک حد تک اضافہ۔
- طلاق کی بہتات سے ازدواجی زندگی کا تہ و بالا ہونا۔
- قتل، عصمت دری اور ڈکیتی جیسے جرائم کے مرتکب ہونا۔
- نسلی تعصب اور انسانی حقوق کی پامالی۔

فکر روزگار کے تحت شمالی امریکہ میں موجود پاکستانی شاید ایک عرصے تک کینیڈین یا امریکن سوسائٹی کا حصہ بنے رہیں۔ یہیں معاشی خوشحالی تو میسر ہوتی رہے گی مگر کیا ہم نے کبھی سنجیدگی سے اپنی مذہبی، اخلاقی اور معاشرتی قدروں کے تحفظ کے متعلق بھی سوچا ہے جس کے لیے "اجتماعی عمل اور کوشش ضروری ہے"؟

ہزارہا گیانی مسلمان سو برس تک انگریزی معاشرت کا حصہ بنے رہے مگر وہ آج گھر کے ہیں نہ گھاٹ کے۔ کاش! ان کی مثال ہمارے لیے آئینہ بن جائے!!

حسنی (ٹورانٹو)

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

ہمیں ہمیشہ کرسی والے سے محبت رہی ہے۔ اس پر بیٹھنے والا تعلیم یافتہ ہوتا ہے "الفاظ سے کھیلنے والا ہوتا ہے" "جلسے جلوس کرنے والا ہوتا ہے" "قوانین کا مذاق اُڑانے والا ہوتا ہے" "دولت کا پرستار ہوتا ہے" عوام کو احمق بنانا جانتا ہے — تو ایسے چالاک آدمی سے قربت حاصل کرنے کی اگر کوئی کوشش نہ کرے تو وہ سرپھرا ہی ہو سکتا ہے!

بھٹو کے جانے کے بعد ہمیں ایک سیکنڈ کا ذہنی سکون اس لیے نہیں ملتا تھا کہ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کس کی چمچہ گیری کریں — یہ اتنا بڑا مسئلہ ہے کہ اس سے ذہنی سکون بھی ملتا ہے اور مالی بھی مل سکتا ہے! بھٹو کے بعد جنرل ضیاء آئے اور فوراً اعلان کیا کہ ان کو کرسی سے قطعی کوئی دلچسپی نہیں ہے اور جلد ہی انتخابات کرا کر حکومت کی باگ ڈور دوسرے کے ہاتھ سونپ کر چھاؤنی واپس لوٹ جائیں گے اور وہاں پر پھر سے لفٹ رائٹ کرنا شروع کر دیں گے۔ تو ہم نے سوچا جان! چند ہفتوں کی بات ہے — صبر کرو — کسی کی چاپلوسی اس وقت تک کھل کر نہ کرو جب تک الیکشن کا نتیجہ سامنے نہیں آ جاتا۔

بلکہ ہفتوں سے مہینوں پر گنتی شروع ہو گئی۔ الیکشن بھی سراب ہو گیا۔ ہمارے سر میں درد رہنے لگا۔ کیا ناسمجھ ناہمواروں کو چسکہ ... جس کو خوشامد کا چسکہ لگ جائے، اس کا یہی حال ہوتا ہے!

اعلان ہوا کہ سولین حکومت بنا دی گئی ہے جس میں مختلف پارٹیوں کے ممبر وزیر بنا دیئے گئے۔ ہم سر کھجانے لگے کہ چھٹکارا ہو گیا مگر عقل چکرا رہی تھی کہ کس کس منسٹر کی چمچہ گیری کریں۔ ان میں سے کسی ایک کے پاس طاقت کا سرچشمہ نہ تھا۔ جن کے ہاتھوں میں کرسی کے چاروں پائے نظر پڑتے تھے وہ ہر روز سیپارہ ہاتھ میں لے کر فرماتے رہتے تھے کہ ان کو کرسی سے قطعی کوئی دلچسپی نہیں ہے اور جلد سے جلد وہ بیرک واپس لوٹ جانا چاہتے ہیں۔



خدا خدا کرکے وہ دن آیا جب ہمیں خبر ملی کہ جنرل ضیاء نے صدر چودھری فضل الٰہی کا استعفیٰ قبول کر لیا ہے اور ان کی جگہ پر خود براجمان ہو گئے۔ تب ہمارے سر کا درد دور ہوا۔ خوب بھوک لگنے لگی اور راتوں کو خراٹے بھی لینے شروع کر دیئے۔

ہمارے خیال میں یہ فیصلہ بروقت ہوا۔ پاکستان کو ایک اونچے سیاست دان کی ضرورت تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ وہ اس کو مل گیا۔ ہم جنرل ضیاء کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔ جنرل موصوف چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی بھاری ذمہ داریاں پہلے ہی سے لادے ہوئے تھے۔ اُن کی ہم سب پر یہ شفقت ہی ہے کہ صدر کا عہدہ بھی سنبھالنے کے لیے آمادہ ہو گئے۔ ہر "سنجیدہ" پاکستانی جنرل ضیاء کا احسان مند ہے۔ اُن کی یہ پاکستان سے الفت ہی تو ہے کہ مزید قربانی کے لیے اپنی خدمات کو ملک اور قوم کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ پاکستانیوں کی اکثریت ہمارے ساتھ یہ نعرہ لگائے گی:

"جنرل ضیاء! زندہ باد!"

یوں تو پاکستان کو طرح طرح کے لیڈر ملے مگر جنرل صاحب کا سٹائل نرالا ہے۔ کرسی کی طرف پر پیا تلا قدم اس نرالے انداز سے بڑھایا کہ "عشق و فتنہ کا واسطہ! مجھے قطعی اس سے کوئی دلچسپی نہیں!" اب یہ آخری کرسی صدارت کا قدم بھی اسی انداز پر اٹھایا کہ بس! "یہ عارضی ہے جیسے ہی کوئی معقول آدمی مل گیا میں ہٹ جاؤں گا!" — پاکستان کو کبھی اتنا بذلہ سنج لیڈر نصیب ملا تھا!

بہرحال اب پاکستان کا اونٹ ایک کروٹ بیٹھ چکا ہے اور اب ترقی کی طرف پگڈنڈی پر سے پکڑ لے گا۔ اگر مشرق کی طرف نظر دوڑائی جائے تو دھوتی والا کلین شیو — اور اگر مغرب کے پڑوسیوں پر نظر ڈالی جائے تو وہاں بھی میدان صاف نظر آتا ہے۔ شہنشاہ تو روز سویرے آئینے کے سامنے شمشیر جلیبی سے گھبراتا رہتا ہے۔ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ ایشیا میں اس وقت کوئی ایسا لیڈر موجود نہیں جس کی ناک کے جنوب اور ہونٹوں کے شمالی میدان میں زمین اتنی زرخیز ہو!

اب اس ترقی کی پگڈنڈی کو پکڑ کر تیزی سے قدم آگے اٹھانے ہیں۔ ہر محب الوطن پاکستانی کو اپنی خدمات جنرل صاحب کو پیش کر دینی چاہئیں۔ اسی جذبے سے چور چور ہونے کے بعد ہم یہ مشورہ اپنے صدر کی خدمت میں پیش کرتے ہیں:

"پیروں کی جگہ "اسلام" میں موجود ہے! ان کی گدی شریعت میں ملے یا نہ ملے مگر مسلمان ان کی پوجا کرتے ہیں۔ اسلام کی جو خدمت "پیروں" نے ادا کی اس سے کوئی نیم حکیم انکار نہیں کر سکتا۔ یہ پاکستان ہی کی زرخیز زمین ہے جہاں پیر پگاڑو جیسا آدمی سیاسی میدان میں اونچی جگہ حاصل کر سکتا ہے۔ پیر کی ساری زندگی پر نظر دوڑائیے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام اور عوام کی خدمت میں گزری ہے!

اب لیجئے دوسرے کیریکٹر کو، سابقہ حکومت میں یہ ہمارے آپ کے ایمان کا منبر تھا — ادیب، شاعر، مفکر، عالم، الحاج، مفتی، حافظ، بزنس مین، دانشور، مولانا جناب کوثر نیازی صاحب قبلہ دام ظلکم — بھٹو کی معرفت انکو اللہ کا قرب حاصل تھا اور جو کچھ پیتے تھے وہ عشقِ الٰہی کی وجہ سے۔

اس لیے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ صدرِ پاکستان دو نائب صدر نامزد کر جائیں اور پیر پگاڑو اور مولانا کوثر نیازی کو یہ عہدے سونپیں۔ دونوں ہی جان کی بازی لگا کر اپنے آقا کا حکم بجا لائیں گے اور اس طرح عوام کی خدمت کریں گے جس سے ان دونوں حضرات کو بڑی محبت ہے۔

صدرِ محترم! ہمیں آپ کی دوررس نظروں پر رشک آتا ہے۔ آپ نے اپنی قوم کو جتنا سمجھا ہے، شاید ہی کوئی دوسرا پاکستانی لیڈر سمجھ سکا ہے۔ نظامِ مصطفیٰ کے نعرے لگانے کے لیے تو پوری قوم مل جائے گی مگر اگر غلطی سے آپ نے اس نظام کو واقعی میں نافذ کر دیا تو جلد ہی ساری قوم آپ کے خلاف بھی ہو جائے گی۔ اس باریک نکتے کو سمجھ لینے کے بعد آپ نے معمولی چوروں چکاروں کے کوڑے لگوائے مگر حکومت کے بڑے بڑے افسر جو آج بھی وارے نیارے کر رہے ہیں، ان میں سے ایک بھی چہرا ہے پر لٹک کر کوڑا نہ کھا گیا۔ پاکستانی عوام کو رشوت کھلانے کی عادت اسی لیے پڑ چکی ہے کہ اگر راشی افسران کو آپ نے ختم کر دیا تو یہ قوم کیسے رشوت کھلائے گی؟ سفارش بازی کو ختم کر دیا تو پہنچ والے تو کہیں کے نہ رہیں گے۔ پاکستانی حکومت آج بھی سود کا کاروبار کر رہی ہے مگر مغرب کی اذان ریڈیو پر ہوتی — ہم سب کو مسلمان بنا کر اسلام کی جو خدمت آپ نے ادا کی ہے، خدا آپ کو اس کا پھل دے اور آپ کا مبارک سایہ آئندہ پانچ دس سال تک ہمارے سروں پر قائم رکھے! آمین!!

نورِ بصیرت

ارشاداتِ رسالتمآب ﷺ

- فرمایا: "اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں، تو اس سے بھلائی کے کام کراتے ہیں۔ یعنی موت سے پہلے اسے نیک اعمال کی توفیق عطا فرماتے ہیں۔" (ترمذی بروایت حضرت انسؓ)
- فرمایا: "تین باتیں ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں کہ وہ حق ہیں: (۱) بندے کا مال صدقہ و خیرات کرنے سے کم نہیں ہوتا۔ (۲) جس پر ظلم و زیادتی کی جائے، اگر وہ اس پر صبر کرے، تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت بڑھاتے ہیں (۳) جس بندے نے اپنے اوپر سوال کا دروازہ کھولا یعنی مانگنا شروع کر دیا، اللہ تعالیٰ اس پر افلاس کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔"
- فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت رکھتے ہیں، تو اسے دنیا سے بچاتے ہیں، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔" (ترمذی)
- "دو چیزیں ہیں جنہیں آدمؑ کا بیٹا اپنے لیے برا سمجھتا ہے، ایک موت حالانکہ مومن کے لیے موت فتنہ سے بہتر ہے، دوسرے مال کی کمی۔ حالانکہ مال کی کمی حساب کی کمی کا موجب ہے۔" (احمد)
- فرمایا: "اگر تجھ میں چار باتیں پائی جائیں، تو پھر دنیا کے جاتے رہنے کا کوئی غم نہیں۔ (۱) امانت کی حفاظت کرنا (۲) سچی بات کہنا (۳) اخلاق اچھا ہونا (۴) کھانے میں احتیاط و پرہیزگاری۔" (احمد۔ بیہقی)
- فرمایا: "مجھ سے قریب وہ لوگ ہیں جو پرہیزگار ہیں، خواہ وہ کوئی ہوں۔ اور کہیں ہوں۔" (احمد)
- فرمایا: "جب کسی کے دل میں ایمان کا نور داخل ہوتا ہے، تو اس کا سینہ فراخ اور کشادہ ہو جاتا ہے اور اس کی علامت ہے: دنیا سے دور ہونا۔ آخرت کی طرف رجوع کرنا، مرنے سے پہلے موت کے لیے تیار ہو جانا۔" (بیہقی)
- فرمایا: "جب تم دیکھو کہ کسی کو زہد (دنیا سے بے رغبتی اور بے نیازی) اور کم گوئی عطا کی گئی ہے، تو اس سے قربت حاصل کرو، کیونکہ اسے حکمت سکھائی اور دی گئی ہے۔" (بیہقی)

[illegible]

منور حسین حرام موت مرا ہے

[illegible]

اکرم ذکی کو فلپائن میں سفیر مقرر کر دیا گیا

اسلام آباد (پ پ ا) وزارت خارجہ کے ایک پریس ریلیز کے مطابق مسٹر ایم اکرم ذکی کو فلپائن میں پاکستان کا سفیر مقرر کر دیا گیا ہے۔ [illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ہندوستان کے شہر مدراس میں مقیم ایک ۱۹ سالہ لڑکی کے لیئے کینیڈا میں امیگرنٹ لڑکے کا مناسب رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات کے لیئے ہمیں لکھیئے یا پھر ویک ڈیز میں شام ۵ تا دس بجے تک اور ویک اینڈ پر صبح ۹ بجے سے رات دس بجے تک فون کیجیئے:

Phone:(416) 466-9754
Zubeda Jaffer
42 Pape Ave.,#3
Toronto, Ont. Canada

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

باغیانہ امن عامہ کے منافی اور فرقہ وارانہ مواد کی اشاعت پر پابندی لگا دی گئی


بعض مخصوص اخبارات کو اشاعت سے پہلے مواد کی پڑتال کرا لینے کا حکم

وفاقی حکومت نے صوبائی حکومتوں کو تحفظ امن عامہ کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کر دیں

راولپنڈی ۱۲ نومبر (پ پ ا) وفاقی حکومت نے تمام صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی ہے کہ امن و امان برقرار رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کریں اور اس مقصد کے لئے مغربی پاکستان تحفظ امن عامہ آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۰ء کی متعلقہ دفعات کو بروئے کار لایا جائے...



بھٹو کو چہرے اور جسم پر
پھنسیاں نکل آئی ہیں
در تے کھانے والے
قیدیوں کی چیخیں بھی متاثر
کرتی ہیں: بی بی سی



قومی اتحاد کے سربراہ مفتی محمود ٹیلیویژن پر انٹرویو دے رہے ہیں۔

بھٹو نے ۱۹۷۳ء کے آئین کی
تیاری کے وقت روٹی، کپڑا اور
مکان کو حکومت کی ذمہ داری
تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا:
... مفتی محمود

پیپلز پارٹی (نصرت گروپ) کی عاملہ کا اجلاس

ڈاکٹر اُف لائف کے مطالعہ کے بعد میں نے
پیشاب پینا شروع کیا: مرارجی ڈیسائی
عوام کو شراب استعمال نہیں کرنی چاہیے
جمہوریت کی سب سے زیادہ
ضرورت غریبوں کو ہے
بھارتی وزیر اعظم کا اظہار خیال

پیر پگارا اور ملک قاسم گروپوں میں مصالحت

مسلم لیگ کی تنظیم نو کے لیے تمام سطحوں پر جلد انتخابات کرائے جائیں گے۔ یکم اکتوبر کے بعد برطرف کیے گئے عہدے دار بحال کر دیے گئے

قومی ملکی اور جماعتی مفادات کے پیش نظر باہمی اختلافات ختم کر دیے گئے

پیر پگارو کے خلاف عدم اعتماد کی قرارداد کی بجائے مصالحت سے متعلق قرارداد پیش کی گئی

مولانا کوثر نیازی نے پروگریسو پیپلز پارٹی کے قیام کا اعلان کر دیا

پارٹی کا اپنا پرچم اور اقتصادی پروگرام ہو گا۔ انتخابات جنوری میں ہونگے

بھٹو پاکستان سے سیاسی مسائل کے حل کے لیے کل جماعتی کانفرنس بلانے کا مطالبہ

THERE'S NO SUCH THING AS BEING MORE OR LESS CANADIAN



ہمارے ملک میں ایک کینیڈین، کینیڈین ہے خواہ اس کا پس منظر کچھ بھی ہو ۔۔۔ خواہ وہ کینیڈا میں پیدا ہوا ہو یا امیگرنٹ بن کر یہاں آیا ہو۔

کینیڈا میں ہم ہر شخص کی ایک فرد کی حیثیت سے عزت کرتے ہیں۔ ہم ہر فرد کی نسل، تہذیبی بنیادوں، مذہبی اور روحانی قدروں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ہر کینیڈین دوسرے کینیڈین کے ہنر، فنی صلاحیتوں اور کینیڈین زندگی میں اس کی خدمات سے مستفید ہوتا ہے۔

اسی طرح کینیڈا کو ایک عظیم ملک بننے میں مدد ملتی ہے۔

آپ کی کینیڈین گورنمنٹ اپنی ملٹی کلچرل ازم کی مستقل پالیسی کے تحت بہت سے پروگراموں کی ترتیب اور تنظیم کرتی ہے تاکہ تمام کینیڈین لوگوں کو اپنی تہذیب قائم رکھنے اور دوسروں کے سامنے اسے فخر سے پیش کرنے میں ان کی حوصلہ افزائی ہو۔

آپ کے ملٹی کلچرل ازم کے منسٹر کا ایک اہم کام یہ ہے کہ وہ تمام کینیڈین لوگوں کو بلا امتیاز نسل اور تہذیبی پس منظر یکساں مواقع اور یکساں حقوق کا یقین دلائے۔ آپ کا ملٹی کلچرل ازم کا وزیر کینیڈین گورنمنٹ کے تمام پروگراموں اور سرگرمیوں میں بھی ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی کی بجاآوری میں مدد کا یقین دیتا ہے۔ اس طرح کینیڈا صحیح معنوں میں ملٹی کلچرل ملک بنتا ہے۔

کینیڈین حکومت کے یہ مسلسل ملٹی کلچرل پروگرام تمام کینیڈین لوگوں کے تنوع اور ان کی برابری کی سب سے پہلے حمایت کرتے ہیں۔ تمام کینیڈین برابر ہیں۔ کسی کا کم یا زیادہ کینیڈین ہونا بے معنی بات ہے ۔۔۔ اس کے لیے ہماری ملٹی کلچرل ازم کی پالیسی کا شکریہ۔

Multiculturalism

unity through human understanding

Honourable Norman Cafik
Minister of State
Multiculturalism

L'honorable Norman Cafik
Ministre d'État
Multiculturalisme

ملکی خوشحالی و ترقی کے لیے دیہی علاقوں کی پسماندگی کو ختم کیا جانا ضروری ہے: اصغر خان

پہاڑوں اور گاؤں میں رہنے والے لوگوں کو ماضی میں ہمیشہ نظر انداز کیا جاتا رہا

سرکاری افسر عوام کی خدمت نہیں کر رہے، تحریک استقلال کے سربراہ نے متعدد گاؤں کا پیدل دورہ کیا



راولپنڈی ——— تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے کہا ہے کہ موجودہ نظام میں بنیادی تبدیلیوں کی اشد ضرورت ہے تاکہ عوام کی ترقی اور خوشحالی یقینی ہو ...

افغانستان میں تحریک اسلامی انقلاب کے ساتھ جھڑپوں میں ۱۴۰ افغان فوجی ہلاک

انقلابی دستوں نے متعدد ٹینک تباہ کر دیے اور بڑی مقدار میں اسلحہ پر قبضہ کر لیا

مرنے والوں میں متعدد روسی فوجی شامل ہیں۔ تحریک کے ترجمان کا دعویٰ

اسلام آباد ——— ...

سرکاری کارخانوں کی پیداوار اور انتظامی معاملات بہتر بنانے کے لیے دور رس اقدامات کیے جائیں گے: خورشید احمد

صنعتوں کو قومی تحویل میں لینے کے بعد ۳۰ کروڑ روپے کا خسارہ ہوا

حکومت سرکاری شعبے کی کسی صنعت کو سابقہ مالکان کے حوالے کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی



بلا سود بینکاری نظام میں بینکوں کو خدمات کا کچھ معاوضہ حاصل کرنے کی اجازت ہوگی

حکومت مقررہ حد کے اندر ہی خسارے کی سرمایہ کاری کرے گی

مضاربت کے اصول پر وسائل کو جمع کیا جائے گا: پروفیسر خورشید احمد

انتخابات نئے سال ختم ہونے سے پہلے کرائے جائیں

پیپلز پارٹی پر پابندی لگائی گئی تو ملک میں انتشار پیدا ہو جائے گا، مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کی قرارداد میں

راولپنڈی ——— ...

استاد اللہ بخش کے انتقال سے ملک ایک عظیم دانشور اور ممتاز آرٹسٹ سے محروم ہو گیا ہے: صدر ضیا

پشاور ——— ...

Crescent-Nov. 15, 1978 Pg. 18

ری پراسیسنگ پلانٹ کے مسئلے پر پاکستان اور فرانس میں بات چیت

آغا شاہی نے صدر فرانس کو صدر ضیاء کا مکتوب پہنچا دیا

صدر دیستاں سے میری بات چیت مفید اور سودمند رہی: آغا شاہی

لندن ـــــ (بی بی سی) آج صدر پاکستان کے امور خارجہ کے مشیر مسٹر آغا شاہی نے فرانس کے صدر ویری ژسکار دیستاں سے ملاقات کی اور انہیں صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق کا پیغام پہنچایا۔ ان کی ملاقات کے بعد ایوان صدر سے ایک بیان جاری کیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ دونوں ملک پاکستان اور فرانس ری پراسیسنگ پلانٹ کے سلسلے میں معاہدے پر بات چیت جاری رکھنے پر متفق ہو گئے ہیں۔ مسٹر آغا شاہی جب ایوان صدر سے باہر نکلے تو نامہ نگاروں کو بتایا کہ انہوں نے صدر پاکستان کا ایک ذاتی خط فرانس کے صدر کو پہنچایا ہے۔ صدر فرانس سے ان کی بات چیت بڑے دوستانہ ماحول میں ہوئی اور مفید اور سودمند رہی۔ انہوں نے وزیر خارجہ فرانس لوئی دی جیرینگا دے کے ساتھ کھانا کھایا اور دونوں رہنماؤں نے گفتگو بھی کی۔ مسٹر آغا شاہی نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ اس بات چیت میں پاکستان اور فرانس کے درمیان اشتراک و تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ری پراسیسنگ پلانٹ کا مسئلہ دونوں ملکوں کے تعلقات کو بہتر بنانے کی راہ میں رکاوٹ ہے تو انہوں نے جواب دیا: پاکستان اور فرانس کے درمیان اشتراک و تعاون کے کئی اور پہلو ہیں ان پر بھی بڑے اچھے ماحول میں گفتگو کی گئی۔

بی بی سی کے نامہ نگار کا کہنا ہے کہ پاکستان کے صدر کے ذاتی پیغام کے مندرجات کے بارے میں تو کچھ معلوم نہیں ہو سکا البتہ انہوں نے اصرار کیا ہے کہ فرانس کو ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ مہیا کرنے کا وعدہ پورا کرنا چاہیئے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اس ضمن میں فرانس کو مزید تحفظات مہیا کرنے پر بھی آمادہ ہے۔

آغا شاہی نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ ری پراسیسنگ پلانٹ کے مسئلے پر دونوں فریق اپنے اپنے موقف پر قائم ہیں تاہم پاکستان اور فرانس سے تعلقات کو برقرار رکھنے کے لیے درمیانی راستے تلاش کرنے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

صدر فرانس سے ملاقات کے بعد پاکستان کے صدر کے مشیر مسٹر آغا شاہی

میجر جنرل اعجاز عظیم نے پنجاب کے قائم مقام گورنر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا

لاہور ـــــ (اپ پ) میجر جنرل اعجاز عظیم نے آج پنجاب کے قائم مقام گورنر کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا۔ ان سے یہ حلف لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس مشتاق حسین نے لیا۔ میجر جنرل اعجاز عظیم لیفٹیننٹ جنرل سوار خان کی ملک میں عدم موجودگی کے دوران گورنر پنجاب کے فرائض انجام دیں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل سوار خان لندن گئے ہیں جہاں سے واپسی پر وہ حج کے لئے سعودی عرب جائیں گے۔ حلف برداری کی تقریب میں ہائی کورٹ کے ججوں اور اعلیٰ سول اور فوجی حکام نے شرکت کی۔

بلوچستان کے عوام بھی ملک کے دوسرے صوبوں کے عوام کی طرح مساوی حقوق کے طالب ہیں

اس صوبے کا کوئی الگ مسئلہ نہیں ہے: بیگم نسیم ولی خان

کوئٹہ ـــــ (اپ پ) بلوچستان کا مسئلہ کوئی الگ مسئلہ نہیں، اس صوبے کے عوام کو جن مسائل سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے وہ تقریباً وہی ہیں جو سارے ملک کو در پیش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار بیگم نسیم ولی خان وائس پریذیڈنٹ این ڈی پی نے کیا ہے۔ آج صبح ایک غیر رسمی ملاقات میں سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبہ بلوچستان کو دوسرے صوبوں سے زیادہ حقوق کا مطالبہ کر رہا۔ عوام کے مسائل کو بلوچستان کا مسئلہ تصور نہیں کرنا چاہیئے۔ اس صوبے کا مطالبہ مساوی حقوق ہے جو کم و بیش سارے ملک کا مطالبہ ہے۔ اگر کوئی اسے بلوچستان کا مسئلہ بنانا چاہتا ہے تو یہ اس کی ذاتی رائے ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام میں بے اعتمادی کی فضا کو ختم کیا جائے اور صوبہ سرحد کے عوام میں بد اعتمادی نہ پیدا ہونے دی جائے جہاں اکثریت کی حکومت کو برطرف کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کو جلد حل کر دینا چاہیئے تاکہ یہ انتخابات میں مسئلہ کی شکل اختیار نہ کر سکیں۔ پاکستان قومی اتحاد نے حکومت میں شامل ہو کر اپنے منشور سے انحراف کیا ہے اور اپنے بنیادی اصولوں کو جو اسلامی نظام حکومت کے قیام کے لئے اس اتحاد کی پالیسی کی اساس تھے، خیرباد کہہ دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام کے نمایاں پہلوؤں کے بارے میں ۲۰ نکات بڑے غور و فکر کے بعد مرتب کئے گئے تھے اور انہیں قومی اتحاد کے منشور میں شامل کر دیا گیا تھا اور فیصلہ کیا گیا تھا کہ ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں یہ رہنما اصول ہوں گے لیکن آج جو کچھ ہو رہا ہے وہ ان اصولوں کے مطابق قطعی نہیں۔



ہماری فتح دعاؤں کا بھی نتیجہ ہے: مشتاق محمد


لاہور ـــــ (ٹیلی ویژن رپورٹ) پاکستان کی فاتح کرکٹ ٹیم کی شاندار کامیابی میں پاکستان بھر کے لوگوں کی دعائیں بھی شامل ہیں۔ دوسرا کرکٹ ٹیسٹ میچ جیتنے کے بعد ایک ٹیلی ویژن انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ ٹیسٹ میچ جیتنے کے لیے اپنی پوری صلاحیتیں صرف کر دیں اور اس میچ میں پاکستانی ٹیم کے ہر کھلاڑی نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ مشتاق محمد نے بھارتی ٹیم کی کارکردگی کی بھی تعریف کی اور کہا کہ بھارتی ٹیم نے اچھا کھیلا ہے اور بھارتی باؤلروں نے بہت اچھی کوشش کی کہ ہمیں شکست سے دوچار کیا جائے۔ مشتاق محمد نے کہا کہ بھارتی بیٹسمینوں کے آؤٹ نہ ہونے پر ہمیں بے حد تشویش تھی لیکن پاکستانی باؤلروں نے اپنی صلاحیتوں سے بھارتی ٹیم کو آؤٹ کر کے اور اس طرح پاکستانی کرکٹ ٹیم کو فتح سے ہمکنار کر دیا۔

ڈاکٹر شمل کو ماہر قانون کی اعزازی ڈگری دی گئی

پشاور ـــــ (اپ پ) بین الاقوامی شہرت یافتہ خاتون سکالر ڈاکٹر اینی میری شمل کو پشاور یونیورسٹی نے ماہر قانون کی اعزازی ڈگری دے دی۔ ڈاکٹر اینی میری شمل کو یہ ڈگری اسلامی ثقافت کی خدمات کے اعتراف کے سلسلے میں سرحد کے گورنر اور پشاور یونیورسٹی کے چانسلر لیفٹیننٹ جنرل فضل حق نے یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کے جلسہ میں پیش کی۔ ڈگری حاصل کرنے کے بعد ڈاکٹر شمل نے پشاور یونیورسٹی کا شکریہ ادا کیا کہ انہیں یہ اعزاز دیا گیا۔ اپنی تقریر میں ڈاکٹر شمل نے کہا کہ علامہ اقبال اور مولانا جلال الدین رومیؒ کے تصوف، فلسفے اور تصانیف نے اسلامی مطالعہ خصوصاً اسلامی تصوف کی طرف ان کی توجہ دلائی۔ انہوں نے کہا علامہ اقبالؒ اور رومیؒ زندگی میں مسلسل جدوجہد میں یقین رکھتے تھے۔

بھارت پر پاکستان کی شاندار فتح

ماجد خاں کے بعد ظہیر عباس نے آخری لمحات میں نہایت تیزی سے مطلوبہ سکور کر کے اپنی ٹیم کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کر دیا



سٹوڈیو ون

بھارتی ٹیم نے دوسری اننگز میں ۴۶۵ رنز بنائے

پاکستان نے ۲۶ سال بعد دوسری دفعہ بھارت کو ٹیسٹ میچ میں شکست دی

لاہور ۹ نومبر (سلطان عارف) پاکستان اور بھارت کے درمیان قذافی سٹیڈیم میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میچ میں کھیل کے آخری اور پانچویں روز پاکستان کے کھلاڑیوں نے یادگار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کو آٹھ وکٹوں سے ہرا دیا




بے پناہ خوشی کا اظہار

بھارت اور پاکستان کے درمیان دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ

Introduce Crescent To A friend

سرفراز، جاوید میاں داد اور ہارون رشید نے کیری پیکر سے معاہدہ کر لیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور باقاعدہ شائع ہونے والا اخبار
پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل
ٹورانٹو کینیڈا
جلد: ۷ | ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۹۸ھ | ۱۵ نومبر ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۷۷



[illegible]

اُسوۂ ابراہیمی — اور — اسلام

از: حکیم محمد فاضل جابری

"مسلمانو — تمہارے لیے اللہ نے وہی فریضہ حیات مقرر کیا ہے جس کی اس نے نوح کو وصیت کی تھی اور جس کی وحی اب (اے محمد) ہم نے تمہاری طرف کی ہے اور جس کی ہم نے ابراہیم موسیٰ اور عیسیٰ کو بھی وصیت کی تھی، یعنی کہ تم سب کے سب دین کو قائم کرو اور اس میں متفرق نہ ہو۔"

اس فرمان الٰہی سے واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر جو سب سے بڑا جامع بنیادی اور اہم فریضہ عائد کیا وہ دین اسلام کو قائم اور نافذ کرنے کا عظیم اور کٹھن ترین فریضہ تھا۔ حضرت نوح علیہ السلام سے لے کر خاتم الانبیاء جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک تو یہ فریضہ براہ راست تمام انبیاء کرام کی اولین ذمہ داری رہی اور یہ انہی کی وساطت سے ہر زمان و مکان میں حسب تقاضا ادا ہوتا رہا مگر جب نبوت اور رسالت ہمارے ہادی اور خدا کے آخری رسول پر ختم کر دی گئی تو اس فریضہ کی ذمہ داری تمام مسلمانوں پر ڈال دی گئی کیونکہ اب اس فریضہ اقامت دین کے لیے خدا کی طرف سے کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا اس لیے کہ دین اسلام کی تکمیل ہو چکی ہے اس نئی شریعت کو لانے کا اب کوئی سوال پیدا نہیں ہوگا۔ اسی لیے کوئی نیا نبی اور رسول بھی اس فریضہ کی انجام دہی کے لیے بھیجنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی پس یہ ذمہ داری اب پوری امت مسلمہ پر ڈال دی گئی ہے کہ اب وہی رہتی دنیا تک اس فریضہ کو سر انجام دے گی۔ یہی وہ فریضہ ہے جس کی بجا آوری کے لیے تمام انبیاء آتے رہے اور اسی کی انجام دہی کے لیے اس امت مسلمہ کو برپا کیا گیا ہے سو یہ فریضہ ہر مسلمان پر بھی فرض ہے کہ وہ خدا کے دین کو قائم کرنے کی حتی المقدور کوشش کرے اور پوری امت مسلمہ پر بھی کہ وہ اس فریضہ کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ... امت واحدہ اور ملت کفر کے مقابلے میں بنیان مرصوص یعنی سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہو۔

اس فریضہ کی ادائیگی کے لیے مختلف زمانی و مکانی کوائف میں تمام انبیاء کا کردار بالعموم مشعل راہ ہے۔ مگر اولوالعزم انبیاء کرام کا اسوہ کچھ نمایاں جامعیت و خصوصیت رکھتا ہے اسی لیے اس مذکورہ آیہ مبارک میں اللہ تعالیٰ نے اپنی مخصوص شخصیتوں کا ذکر کیا ہے جن کا اسوہ حسنہ اس فریضہ کی ادائیگی کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس وقت ایام حج کی مناسبت سے ہمیں حضرت ابراہیم کے خصوصی پہلو پر کچھ روشنی ڈالنی ہے اس لیے کہ بیت اللہ کی تعمیر کے وقت انہوں نے ایک آخری نبی اور ایک آخری امت برپا کرنے کے لیے دعا مانگی تھی تاکہ ان کے لگائے ہوئے دین قیم کے شجر توحید کی تکمیل ہو اور اس کے اثرات و ثمرات رہتی دنیا تک باقی رہیں۔

ایمان کے بعد دین اسلام کا مرحلہ تسلیم و اطاعت آتا ہے چنانچہ اسی ایمانی تقاضے کی بنا پر حق ایک بندۂ مومن سے اس مرحلہ پر قدم قدم پر ہر نوع کی پے در پے قربانیوں کا متقاضی ہوتا ہے اور اسوۂ ابراہیمی سراپا اس کی شہادت ہے سب سے پہلے ذاتی مفادات اور شخصی روابط کی قربانی کا نمبر آتا ہے پھر زمان و مکان کی آسائشوں اور ہتھیلیوں کو تج دینے کا سوال بھی اٹھتا ہے پھر نازک و جذباتی ہتھیلیوں، حسرتوں اور خواہشوں کو بھی بھینٹ چڑھانا پڑتا ہے اور جاہ و ریاست، مال و متاع اور جسم و جان کی قربانی کی نوبت بھی آتی ہے الغرض فریضہ اقامت دین کا مسلسل مرحلہ پے در پے آزمائشوں اور قربانیوں کے تقاضے سامنے لاتا ہے یہ مرحلہ پھولوں کی سیج نہیں بلکہ کانٹوں بھری وادی ہے جس میں ہر گام پر آبلہ پائی کی آزمائش ہے اور اسوۂ ابراہیم علیہ السلام سے یہ درس عیاں ہے کہ ایک بندۂ مومن کا کام صرف یہ ہے کہ وہ اس فریضہ حیات [illegible]

[illegible] جاوید ہو جاتا ہے۔ گویا اللہ نے اپنے خلیل کو اس حقیقت کا مشاہدہ کرا دیا کہ قربانی سے درحقیقت سلسلۂ حیات منقطع نہیں ہوتا بلکہ بدستور قائم رہتا ہے کیونکہ قربانی پیغام موت نہیں بلکہ ساز حیات ہے۔

حضرت ابراہیمؑ کی یہ قربانی فریضہ اقامت دین کے سلسلہ میں ایک اسوہ اور بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور ظاہر ہے کہ نمونہ اور آغاز کے لیے صرف ایک ہی مثال کفایت کر جاتی ہے چنانچہ اساس کار کے طور پر حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خدا کی راہ میں فداکاری و جاں نثاری کی عمارت ایک ہی مثال پیش کر کے اٹھا دی لیکن جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں دین کی تکمیل ہو کر عمارت دین مکمل ہو گئی۔ تو اس پوری عمارت دین کی حفاظت کا مرحلہ درپیش ہوا۔ تو خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور تمام صحابہ نے یکے بعد دیگرے اس کے ایک ایک جزو کے تحفظ کا حق ادا کر دیا۔ بلکہ اس کو ہیرے کی طرح چمکایا، نکھارا [illegible]۔ پھر خلفاء راشدین کے بعد جب عمارت [illegible] کی شکست و ریخت کا مظہر پیدا ہوا اور اس کی گویا ایک ایک اینٹ ہی اپنی جگہ سے ہلی جاتی تو اس کے تحفظ کے لیے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میدان کربلا میں بہتر جانوں کی قربانی پیش کر کے حق تحفظ ادا کر دیا۔ اور اس حقیقت کو واشگاف کر دیا کہ دین حق کا ایک ایک اصول جسم اور جان کی عزیز ترین متاع سے بھی قیمتی ہے اور جانبازی کا وہ مثالی نمونہ پیش کیا کہ قصر اسلام کی ایک ایک اینٹ پر مردان خدا قیامت تک اپنی جانیں قربان کر کے اس کے تحفظ کا حق ادا کرتے رہیں گے۔ المختصر دین حق کی ابتدا اور انتہا [illegible] تکمیل کے دوران قربانیوں کا ایک طویل سلسلہ ہے قربانیوں سے جہدو پیدا ہونے والے ہر تقاضے کو پورا کرے اور اس راہ کی ہر امتحانی کسوٹی پر پورا اترے اور دین حق کی ہر پکار پر لبیک کہے۔

اسوۂ ابراہیمی کے سلسلہ کی ایک عظیم قربانی انسانی جان اور وہ بھی اپنے اکلوتے بیٹے کی قربانی ہے جو اپنے اندر بڑے اسرار حیات رکھتی ہے۔ اس وقت اس کے صرف ایک پہلو پر توجہ دلانا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھوں حضرت اسمٰعیل کی جانی قربانی کی غایت اولیٰ یہ ہے کہ ہر بندۂ مومن یہ جان لے کہ راہ حق کے قیام کے لیے جانوں کی قربانی بھی ایک ناگزیر دینی تقاضے کی حیثیت رکھتا ہے جس کے لیے پہلے قدم پر ہی ہر مومن کو آمادہ و مستعد رہنا چاہیے لیکن اس کے ساتھ ہی یہ سرِ نہاں بھی عیاں اور نقش حقیقت کبریٰ منکشف کر دی گئی کہ قربانی کی روح دراصل جذبۂ تسلیم و رضا کی تکمیل ہے جب یہ جذبہ پختہ کار ہو تو آدمی خواہ قربان گاہ و معرکۂ کارزار پر پہنچ کر بھی صاف بچ نکلے۔ بہر حال وہ تقاضائے قربانی سے سبکدوش ہو جاتا ہے نیز یہ راز بھی کھلا کہ قربانی دراصل مظہر موت نہیں بلکہ حقیقتاً مظہر حیات ہے۔ چنانچہ قربانی کی اسی حقیقت کو واضح کرنے کے لیے حضرت اسماعیلؑ کو قربان گاہ تک پہنچا کر چھری کی تیز دھار کے نیچے سے گذار کر بھی اعجاز آسمانی طور پر زندہ و سلامت رکھا گیا، یعنی قربانی تو ہو گئی اور حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ بھی قرار دیے گئے مگر زندہ و سلامت بھی رہے تو گویا قربانی کی حقیقت سے پردہ اٹھا دیا گیا کہ حق کا جاں نثار دراصل حق اور زندۂ [illegible]

> قربانی
> پیغام موت نہیں بلکہ
> حیاتِ جاوداں
> کا راز ہے

> جب مسلمانوں سے حج
> اور عمرے کا حق چھین
> لیا گیا تو رسول اللہ نے
> عید الاضحیٰ منانے
> کی ہدایت فرمائی

آج بھی ہو جو براہیمؑ کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا
اقبالؒ